**FIRST SEMESTER**
**2024-25**

Class : 9 | Sub: Urdu (R3) | Time : 3 hrs | Marks : 80

ہدایات : 1 ۔ تمام سوالات ضروری ہیں ۔ 2 ۔ صفائی اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| * | **درج ذیل عبارت پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دئے گئے متبادل میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے ۔** | |
| | یہ پانڈا ہے انھوں نے بتایا۔ یہ ہمارے ملک کا جانور نہیں ہے۔ ٹھنڈے ملک کا رہنے والا ہے۔ دیکھو اس کے جسم پر کتنے گھنے بال ہیں جو اسے سردی سے بچاتے ہیں ۔ گرمیوں میں اسے بہت گرمی لگتی ہے، اس لیے چڑیا گھر میں اس کے پنجرے کو گرمی کے موسم میں ٹھنڈا رکھا جاتا ہے۔ پانڈا پھل ، بانس کی ہری پتیاں ، نرم گھاس اور سبزیاں شوق سے کھاتا ہے۔ کٹہرے میں بنا ہوا پنجرہ اس کے رہنے کا گھر ہے۔ | |
| 1 | پانڈا ------- ملک کا رہنے والا جانور ہے۔<br>A۔گرم<br>B۔ برفیلے<br>C۔ ٹھنڈے<br>D۔ ریگستانی | 1 |
| 2 | پانڈے کو گھنے بالوں سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟<br>A۔ گرمی نہیں دیتے ۔<br>B۔ سردی سے بچاتے ہیں۔<br>C۔ پریشان کرتے ہیں۔<br>D۔ آرام دیتے ہیں۔ | 1 |
| 3 | چڑیا گھر میں پانڈے کے پنجرے کو گرمی کے موسم میں -------- رکھا جاتا ہے۔<br>A۔ ٹھنڈا<br>B۔ گرم | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | C۔ سخت<br>D۔ نرم | |
| 4 | پانڈا ان میں سے کیا نہیں کھاتا؟<br>A۔ پھل<br>B۔ بانس کی ہری پتیاں<br>C۔ گوشت<br>D۔نرم گھاس اور سبزیاں | 1 |
| * | **درج ذیل نظم پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دئے گئے متبادل میں سے صحیح جواب انتخاب کیجیے۔** | |
| | برا کام کوئی نہ ہرگز کرو تم<br>بری بات ہرگز نہ منہ سے کہو تم<br>صداقت کے راستے پہ سیدھے چلو تم<br>کرو عہد تو اس پہ قائم رہو تم<br>ارے پیارے لڑکوں بہادر بنو تم | |
| 5 | شاعر کس راستے پہ چلنے کو کہتے ہیں؟<br>A۔ برائی کے<br>B۔ صداقت کے<br>C۔ جھوٹ کے<br>D۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں۔ | 1 |
| 6 | صداقت (معنی پہچانئے)<br>A۔ دولت<br>B۔ آرام | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | C- سچائی<br>D- غلطی | |
| 1 | کرو ---------- تو اس پہ قائم رہو تم<br>A- عہد<br>B- کام<br>C- محبت<br>D- بری بات | 7 |
| 1 | اچھا (ضد پہچانئے)<br>A- سچا<br>B- اچھے<br>C- اچھائی<br>D- برا | 8 |
| | **درج ذیل ہر سوال کے لیے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں ان میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** | * |
| 1 | درخت (جمع پہچانیے)<br>A- پیڑوں<br>B- پودوں<br>C- جھاڑیوں<br>D- درختوں | 9 |
| 1 | احسانات (واحد پہچانیے)<br>A- حسن<br>B- احسن | 10 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | C- احسان<br>D- احسانوں | | |
| 11 | سفید (ضد پہچانیے)<br>A- کالا<br>B- ہرا<br>C- نیلا<br>D- پیلا | | 1 |
| 12 | دھوپ (ضد پہچانیے)<br>A- تکلیف<br>B- شام<br>C- چھاؤں<br>D- رات | | 1 |
| 13 | ماں کو دیکھ کر بچوں کے چہرے کا رنگ اڑ گیا۔ (خط کشیدہ محاورے کے معنی پہچانیے)<br>A- شرمندہ و خوفزدہ ہونا۔<br>B- ظاہر ہونا۔<br>C- عقل تیز ہونا ۔<br>D- قائم ہونا۔ | | 1 |
| 14 | ہمیں کسی کا حق نہیں مارنا چاہیے ۔ (خط کشیدہ محاورے کے معنی پہچانیے)<br>A- میل جول نہ ہونا۔<br>B- کسی کا حق چھین لینا۔<br>C- خوش ہونا۔<br>D- زیادتی کرنا۔ | | 1 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 | یہ میرا اسکول ہے۔ (جملے کی قسم پہچانیے)<br>A۔ امریہ جملہ۔<br>B۔ بیانیہ جملہ<br>C۔ فجائیہ جملہ<br>D۔ استفہامیہ جملہ | 1 |
| 16 | تم یہاں آؤ۔ (جملے کی قسم پہچانیے)<br>A۔ امریہ جملہ۔<br>B۔ بیانیہ جملہ<br>C۔ فجائیہ جملہ<br>D۔ استفہامیہ جملہ | 1 |
| 17 | شاہین بہت ہوشیار لڑکی ہے۔ (خط کشیدہ لفظ کی صفت پہچانیے)<br>A۔ صفت عددی<br>B۔ صفت ذاتی<br>C۔ صفت نسبتی<br>D۔ صفت مقداری | 1 |
| 18 | آج احمد کے گھر پر بہت مہمان آئے ہوئے ہیں ۔ (خط کشیدہ لفظ کی صفت پہچانیے)<br>A۔ صفت عددی<br>B۔ صفت ذاتی<br>C۔ صفت نسبتی<br>D۔ صفت مقداری | 1 |
| 19 | صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے<br>عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے (صنعت پہچانیے) | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | A۔ صنعت استعارہ<br>B۔ صنعت تلمیح<br>C۔ صنعت مبالغہ<br>D۔ صنعت تضاد | |
| 20 | پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو<br>دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر نہیں (صنعت پہچانیے)<br>A۔ صنعت استعارہ<br>B۔ صنعت تلمیح<br>C۔ صنعت مبالغہ<br>D۔ صنعت تضاد | 1 |
| 21 | گلستاں (معنی پہچانیے)<br>A۔ فرق<br>B۔ کامیابی<br>C۔ زمین<br>D۔ باغ | 1 |
| 22 | فریب (معنی پہچانیے)<br>A۔ دھوکا<br>B۔ ناکارہ<br>C۔ نیکی<br>D۔ مطلب | 1 |
| 23 | <u>دوصتی</u> سمجھداری کے ساتھ کرنی چاہیے۔ (خط کشیدہ لفظ کا درست املا پہچانیے)<br>A۔ دوستی | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | B- دوشتی<br>C- دوشتی<br>D- دوژتی | |
| 24 | انسانوں کو جانوروں کا <u>کھیال</u> رکھنا چاہیے۔ (خط کشیدہ لفظ کا درست املا پہچانیے)<br>A- کیال<br>B- خیال<br>C- قیال<br>D- قھیال | 1 |
| * | **درج ذیل عبارت پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے گئے متبادل میں سے چنیں۔** | |
| | تتلیاں بڑی خوبصورت ہوتی ہیں۔ یہ پھولوں کی طرح رنگ برنگی اور دلکش ہوتی ہیں۔ ان کے پر کئی رنگوں کے ہوتے ہیں۔ چھوٹے بچے انھیں دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں۔<br>تتلیوں کے چھ پیر ہوتے ہیں۔ یہ پھولوں پر اڑا کرتی ہیں۔ اور ان کا رس چوستی ہیں۔ یہ پتوں پر انڈے دیتی ہیں۔ تتلی کے انڈے سے ایک چھوٹا سا کیڑا نکلتا ہے جس کو لاروا کہتے ہیں۔ اس میں ہلنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ لاروا اپنی حفاظت کے لیے ایک خلیہ تیار کرتا ہے۔ لاروا جاڑوں میں اس خلیہ میں رہتا ہے۔ اور گرمی میں یہ خلیہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اور اس میں سے تتلی نکلتی ہے۔ باہر آنے کے بعد تھوڑی دیر یہ ساکت بیٹھی رہتی ہے بعد میں یہ گھومنا شروع کر دیتی ہے۔ ان کی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ گرمی کے موسم میں یہ دکھائی دیتی ہیں۔<br>تتلی ایک چھوٹا سا کیڑا ہے۔ یہ بڑی نازک اور ملائم ہوتی ہے۔ اس کے پر بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔ اور کئی رنگوں کے ہوتے ہیں۔ اس پر مختلف ڈیزائن بنی ہوتی ہے۔ وہ ایک پھول سے دوسرے پھول پر بیٹھتی رہتی ہے وہ خود ایک اڑتا ہوا پھول دکھائی دیتی ہے۔ بچے اس کو پکڑنے کے لیے دوڑتے ہیں۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| 25 | تتلیاں بڑی ---------- ہوتی ہیں۔<br>A۔ بدصورت<br>B۔ خوبصورت<br>C۔ طاقت والی<br>D۔ کمزور | 1 |
| 26 | تتلیوں کو دیکھ کر کون خوش ہوتا ہے؟<br>A۔ بچے<br>B۔ جوان<br>C۔ بوڑھے<br>D۔ بزرگ | 1 |
| 27 | تتلیاں کتنے پیروں والی ہوتے ہیں؟<br>A۔ دس<br>B۔ دو<br>C۔ چھ<br>D۔ سولہ | 1 |
| 28 | تتلیاں پھولوں پر کیوں اڑا کرتی ہیں؟<br>A۔ گھومنے کے لیے<br>B۔ ٹہلنے کے لیے<br>C۔ سونے کے لیے<br>D۔ رس چوسنے کے لیے | 1 |
| 29 | تتلیاں انڈے کہاں دیتی ہیں؟<br>A۔ پھول پر | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | B۔ ٹہنی پر<br>C۔ پتوں پر<br>D۔ چھت پر | |
| 1 | تتلی کے انڈے سے نکلنے والے کیڑے کو ---------- کہتے ہیں؟<br>A۔ مچھر<br>B۔ پروانہ<br>C۔ بھورا<br>D۔ لاروا | 30 |
| 1 | لاروا اپنی حفاظت کے لیے کیا تیار کرتا ہے؟<br>A۔ گھر<br>B۔ خلیہ<br>C۔ گھونسلہ<br>D۔ جھونپڑی | 31 |
| 1 | بڑا (ضد پہچانیے)<br>A۔ چھوٹا<br>B۔ لمبا<br>C۔ تھوڑا<br>D۔ ان میں سے کوئی نہیں | 32 |
| 1 | بچے --------- کو پکڑنے کے لیے دوڑتے ہیں۔<br>A۔ مچھر<br>B۔ بلی<br>C۔ گائے | 33 |

| | | |
|---|---|---|
| | D- تتلی | |
| 34 | لاروا خلیہ میں کب رہتا ہے؟<br>A- بارش میں<br>B- خزاں میں<br>C- گرمی میں<br>D- جاڑوں میں | 1 |
| * | **درج ذیل عبارت پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے گئے متبادل میں سے چنیں ۔** | |
| | درخت ہماری زندگی کے ساتھی ہیں۔ یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرتے ہیں اور ہمیں زندہ رہنے کے لیے آکسیجن فراہم کرتے ہیں ۔ اگر درخت نہ ہوتے تو زمین پر زندگی ممکن نہ ہوتی۔ یہی ہماری فطرت ہے۔ وہ پوری زمین کو سرسبز و شاداب رکھتے ہیں۔ درخت زندگی بھر ہمیں کچھ نہ کچھ دیتے رہتے ہیں پھر بھی ہم اپنے ذاتی مفاد کے لیے درخت کاٹتے ہیں۔ آج یہ بڑی ستم ظریفی کی بات ہے کہ ہم ان درختوں کو تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں جو ہمیں زندگی دے رہے ہیں۔ | |
| 35 | درخت ہماری زندگی کے ------- ہیں۔<br>A- دوست<br>B- ساتھی<br>C- دشمن<br>D- مہمان | 1 |
| 36 | درخت ہمیں زندہ رہنے کے لیے کیا فراہم کرتے ہیں؟<br>A- کاربن<br>B- ہائیڈروجن<br>C- آکسیجن | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | D- کاربن ڈائی آکسائیڈ | |
| 37 | اگر درخت نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟<br>A- زمین پر زندگی ممکن نہ ہوتی۔<br>B- ہم آرام سے زندگی بسر کرتے۔<br>C- سبھی جانور خوش رہتے۔<br>D- ان میں سے کوئی نہیں۔ | 1 |
| 38 | ہم اپنے ذاتی مفاد کے لیے ------- کاٹتے ہیں۔<br>A- آم<br>B- کاجو<br>C- درخت<br>D- پھل | 1 |
| 39 | موت (ضد پہچانئے)<br>A- فطرت<br>B- زندگی<br>C- جان<br>D- راحت | 1 |
| 40 | آج یہ بڑی ستم ظریفی کی بات ہے کہ ہم --------------<br>A- ان درختوں کو تباہ کرنے پر تلے ہیں ۔<br>B- اپنی زندگی میں مشغول ہیں۔<br>C- ہر وقت پریشان رہتے ہیں۔<br>D- اپنی زندگی کا مقصد بھول گئے ہیں۔ | 1 |
| * | **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دس سے پندرہ الفاظ میں لکھیے۔ (کوئی تین)** | 6 |

| | | |
|---|---|---|
| | پرندوں کے انڈوں کو کیوں نہیں چھونا چاہیے ؟ | 41 |
| | مولا بخش کے پاس بچے کیوں آتے تھے ؟ | 42 |
| | خدا کی مخلوق کس چیز سے تر و تازہ اور نہال ہوتی ہے ؟ | 43 |
| | بانسری والے نے چوہوں کو بھگانے کے لیے کون سی شرط رکھی؟ | 44 |
| | دکاندار کو گھوڑے کے دام کس طرح وصول ہوئے ؟ | 45 |
| | جنگل کی زمین کس طرح زرخیز ہوتی رہتی ہے ؟ | 46 |
| 8 | **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پچیس سے تیس الفاظ میں لکھیے۔ (کوئی دو)** | * |
| | جانوروں کو بیماری سے بچانے کے لیے کیا کیا جاتا ہے ؟ | 47 |
| | اونچے مکان میں گھنٹہ کیوں لٹکایا گیا تھا ؟ | 48 |
| | جنگلی جانوروں سے دور رہنا کیوں بہتر ہے ؟ | 49 |
| | لوگ چوہوں کی شرارت سے کیوں تنگ آگئے تھے ؟ | 50 |
| | گھونسلے تک پہنچنے کے لئے کیشو نے کیا ترکیب کی؟ | 51 |
| 4 | **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دس سے پندرہ الفاظ میں لکھیے۔ (کوئی دو)** | * |
| | دنیا میں عزت کا سہرا کس کے سر بندھتا ہے؟ | 52 |
| | کسی سے گفتگو کرنے کے کیا آداب ہیں؟ | 53 |
| | لڑکی غمگین لے میں کیوں گا رہی تھی ؟ | 54 |
| | عزت کے قابل کون ہیں؟ | 55 |
| | لڑکی کن چیزوں سے بے پرواہ ہو کر گا رہی تھی ؟ | 56 |
| 6 | **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پچیس سے تیس الفاظ میں لکھے۔ (کوئی دو)** | * |

| | | |
|---|---|---|
| 57 | نظم 'بہادر بنو' میں علم کی اہمیت کس طرح ظاہر کی گئی ہے؟ | |
| 58 | پودے نے گھاس کی شکایت کو بے جا کیوں کہا؟ | |
| 59 | لڑکی کے گیت گاتے وقت کس طرح کا ماحول تھا؟ | |
| 60 | نا اتفاقی کو آزار جاں کیوں کہا گیا ہے؟ | |
| 61 | **درج ذیل نکات کی مدد سے کہانی مکمل کر کے اسے ایک عنوان دیجیے۔**<br>ایک طالب علم -------- پڑھنے میں لا پرواہ -------- بار بار فیل ہونا ------ خود کشی کا ارادہ کرنا -------- جنگل میں جانا ------- وہاں بندر کا بچہ پیڑ پر چڑھنے کی کوشش کرتے دیکھنا -------- گرنا -------- چڑھنا -------- پھر گرنا -------- پھر چڑھنا -------- آخر میں کامیاب ہونا -------- طالب علم کا خود کشی کا ارادہ بدلنا -------- سبق۔ | 5 |
| 62 | **رشید خان / رشیدہ خان، گھر نمبر۔ 565، مسلم واڑہ، پونڈا، گوآ سے اپنے علاقے کے پولیس انسپکٹر کے نام ایک خط لکھ کر اپنے موبائل فون کے چوری ہونے کی شکایت درج کریں۔** | 5 |
| 63 | **مندرجہ ذیل کسی ایک عنوان پر 150 سے 200 الفاظ کا مضمون لکھیے۔** | 6 |
| * | میری پسندیدہ شخصیت | |
| * | موبائل کے فائدے | |
| * | صفائی کی اہمیت | |
| * | اسکول میں پہلا دن | |
| * | اگر امتحان نہ ہوتے | |